Hadees in Urdu

قالَ ﷺ: جو خاموش رہا اس نے نجات پائی.

ترمذی 2501 (مسند احمد 9871؛ السلسلة الصحيحة 413)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تم جہاں بھی ہو اللہ سے ڈرتے رہو، اور برائی کے بعد نیکی کرو، وہ اس (برائی) کو مٹا دے گی. اور لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق کے ساتھ پیش آؤ.

جامع ترمذی 1987
(مشکوٰۃ المصابیح 5083؛ مسند احمد 9166، 9583)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے (سفر میں) نماز آدھی کر دی ہے.. اور مسافر، دودھ پلانے والی، اور حاملہ عورت کو روزہ رکھنے کی رخصت دی ہے.

ابوداؤد 2408
ترمذی 715؛ نسائی 2276، 2277؛ ابن) ماجہ 1667)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ: جو کوئی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اچھی بات زبان سے نکالے، ورنہ خاموش رہے.

بخاری 6018، 6138 (مسلم 174؛ ترمذی 1967، 2500؛ ابوداؤد 5154؛ ماجہ 3971؛ مسند احمد9070)

Hadees in Urdu

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا:
"نبی کریم ﷺ کا خیال آپ ﷺ کے اہل بیت میں رکھو."
صحیح بخاری 3713

Hadees in Urdu

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا:
"اور خوشنودی کی) ﷺ نبی کریم
محبت) کو آپ ﷺ کے اہل بیت کے ساتھ
(محبت و خدمت کے ذریعہ) تلاش کرو.
صحیح بخاری 3751

Hadees in Urdu

حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ انسان کے حق میں برا ثابت ہونے والے فیصلے؛ بدبختی کے آ لینے؛ اپنی تکلیف پر دشمنوں کے خوش ہونے؛ اور عاجز کر دینے والی آزمائش سے (اللّٰہ کی پناہ مانگا کرتے تھے.

صحیح مسلم 6877
صحیح بخاری 6616، 6347؛ نسائی) 5493، 5494؛ مسند احمد 5693)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو کوئی کسی روزہ دار کو افطار کرا دے، تو اس کو روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا، اور روزہ دار کے ثواب میں سے کوئی کمی نہیں ہو گی.

ابن ماجہ 1746
(جامع ترمذی 807؛ مسند احمد 3719)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

"کسی کنواری لڑکی کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کی اجازت نہ لے لی جائے. اور کسی بیوہ کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کا حکم نہ معلوم کر لیا جائے." پوچھا گیا: کنواری کی اجازت کی کیا صورت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "اس کی خاموشی اجازت ہے."

بخاری 6968
(مسلم 3473)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

جو عورت اپنے "ولی کی اجازت کے بغیر" اپنا نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے! اگر اس (مرد) نے اس سے جماع کیا ہے تو وہ مہر کی حق دار ہے، کیونکہ اس نے اس سے مباشرت کی ہے.

مشکوٰۃ 3131
(ابوداؤد 2083؛ ماجہ 1879؛ مسند احمد 6877؛ ترمذی 1102)

Hadees in Urdu

حضرت لقیط بن صبرہؓ نے عرض کیا: اللّٰہ کے رسول! مجھے "وضو" کے بارے میں بتائیے، آپ ﷺ نے فرمایا:

وضو مکمل کیا کرو؛ انگلیوں میں خلال کرو؛ اور ناک میں پانی اچھی طرح پہنچاؤ، الا یہ کہ تم صائم (روزے سے) ہو.

ابوداؤد 142
(ابن ماجہ 407؛ جامع ترمذی 788؛ مسند احمد 646؛ مشکوٰۃ 405)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

تم میں سے کوئی شخص اس طرح نہ کہے (دعا کرے) کہ: یا اللہ! اگر تو چاہے تو مجھے معاف کر دے، میری مغفرت کر دے. بلکہ یقین (پختگی اور اصرار) کے ساتھ دعا کرے، کیونکہ اللہ پر کوئی زبردستی کرنے والا نہیں ہے.

بخاری 6339
(بخاری 7477؛ مسلم 6813؛ ترمذی 3497؛ ابوداؤد 1483؛ ماجہ 3854)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، پس اس پر ظلم نہ کرے، اور نہ ظلم ہونے دے. جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرے، اللہ اس کی ضرورت پوری کرے گا. جو شخص کسی مسلمان کی ایک مصیبت کو دور کرے، اللہ اس کی قیامت کی مصیبتوں میں سے ایک بڑی مصیبت کو دور فرمائے گا.

بخاری 2442

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

اگر زمانہ سے ایک ہی دن باقی رہ جائے گا تو بھی اللہ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کھڑا بھیجے گا.. وہ اسے عدل و انصاف سے اس طرح بھر دے گا، جیسے یہ ظلم و جور سے بھر دی گئی ہے.

ابوداؤد 4283

Hadees in Urdu

حضرت انس ؓ سے سفر میں رمضان کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کیا ہے، تو کوئی روزہ رکھنے والا روزہ چھوڑنے والے کو ملامت نہیں کرتا تھا، اور نہ ہی روزہ چھوڑنے والا روزہ رکھنے والے کو ملامت کرتا تھا.

مسلم 2620
(بخاری 1947؛ ابوداؤد 2405)

Hadees in Urdu

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب رات آجائے اور دن چلا جائے، اور سورج غروب ہوجائے، تو روزہ رکھنے والے کو روزہ افطار کر لینا چاہئے.

صحیح مسلم 2558
مشکوٰۃ المصابیح 1985؛ صحیح بخاری 1954؛ جامع ترمذی 698؛ ابوداؤد 2351؛ مسند احمد 3712)

Hadees in Urdu

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ،
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دونوں سجدوں کے
"درمیان (جلسہ میں): "رَبِّ اغْفِر لِي، رَبِّ اغْفِر لِي
اے میرے رب! مجھے بخش دے، اے میرے رب!)
.مجھے بخش دے)... پڑھتے تھے

ابن ماجہ 897
(ابوداؤد 874، نسائی 1146)

Hadees in Urdu

حمزہ بن عمرو اسلمیؓ بہت زیادہ روزے رکھا کرتے تھے، انہوں نے نبیﷺ سے عرض کیا: کیا میں دوران سفر روزہ رکھ لیا کروں؟ آپﷺ نے فرمایا: "اگر تم چاہو تو روزہ رکھو، اور اگر تم چاہو تو نہ رکھو."

مشکوٰۃ 2019

(بخاری 1943؛ 2625، 2625؛ ترمذی 711؛ ابوداؤد 2402؛ ماجہ 1662؛ نسائی 2308، 2309)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

نیک لوگ یکے بعد دیگرے گزر جائیں گے.. اس کے بعد جَو کے بھوسے، یا کھجور کے کچرے کی طرح کچھ لوگ دنیا میں رہ جائیں گے، جن کی اللہ پاک کو کچھ ذرا بھی پروا نہ ہوگی.

صحیح بخاری 6434
مشکوٰۃ المصابیح 5362؛ صحیح بخاری 4156)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:
اس نے قرآن سمجھا ہی نہیں، جس نے
تین دن سے کم مدت میں قرآن ختم کر
ڈالا!
ترمذی 2949
(ابوداؤد 1394)

Hadees in Urdu

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب اس حالت میں ہوتا ہے جب وہ سجدے میں ہوتا ہے، لہٰذا اس میں کثرت سے دعا کرو.

صحیح مسلم 1083
(ابوداؤد 875؛ سنن نسائی 1138، مسند احمد 1750)

Hadees in Urdu

رسول اللّٰہ ﷺ نے فرمایا:

سلام میں پہل کرنے والا شخص اللّٰہ کا سب سے زیادہ قریبی ہے.

مشکوٰۃ المصابیح 4646
(ابوداؤد 5197؛ ترمذی 2694؛ مسند احمد 8255)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جنت میں وہ لوگ داخل ہوں گے، جن کے دل پرندوں کے دلوں جیسے نرم ہوں گے.

مسند احمد 13318

Hadees in Urdu

سیدنا ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے دل کی سختی کا شکوہ کیا، آپ ﷺ نے اسے فرمایا:

اگر تو اپنے دل کو نرم کرنا چاہتا ہے تو مسکین کو کھانا کھلایا کر، اور یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کر.

مسند احمد 9556
(السلسلة الصحيحة 281)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی.

صحیح بخاری 2957
(صحیح بخاری 7137، صحیح مسلم 4747، 4749، ابن ماجہ 3، مسند احمد 12112، سنن نسائی 4198)

Hadees in Urdu

سیدہ عائشہؓ نے نبی کریم ﷺ کے پاس ایک عورت کی نقل اتاری، اور اس کے پستہ قد کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اس کی "غیبت" کی ہے.. میں یہ پسند نہیں کرتا کہ میں کسی کی نقل اتاروں، اور اس کے عوض میں مجھے اتنا کچھ عطا کر دیا جائے.

مسند احمد 9876
(ابوداؤد 4875؛ ترمذی 2502)

Hadees in Urdu

[سورۃ النساء، 4:80]

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے دراصل اللّٰہ کی اطاعت کی.

Hadees in Urdu

[سورة محمد، 47:33]
اے ایمان والو! اللّٰہ کی اطاعت کرو، اور رسول کی اطاعت کرو.

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ نا پسند وہ آدمی ہے جو سخت "جھگڑالو" ہو.

صحیح بخاری 2457

صحیح بخاری 4523، 7188؛ صحیح مسلم 6780،)
ترمذی 2976؛ نسائی 5425؛ مسند احمد 9788؛
مشکوٰۃ 3762؛ السلسلة الصحیحة 4)

Hadees in Urdu

سہلؓ نے بیان کیا، آپﷺ نے فرمایا:

میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے.. اور آپ ﷺ نے شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے اشارہ کیا، اور ان دونوں انگلیوں کے بیچ تھوڑی سی جگہ کھلی رکھی.

بخاری 5304

(بخاری 6005؛ مسلم 7469؛ ترمذی 1918؛ ابوداؤد 5150؛ مسنداحمد 9063)

Hadees in Urdu

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

یقیناً اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور اموال کو نہیں دیکھتا، بلکہ وہ تمہارے "دلوں" اور "اعمال" کو دیکھتا ہے.

صحیح مسلم 6543
(ابن ماجہ 4143؛ مشکوٰۃ المصابیح 5314)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ (اس وقت) سورۃ تکاثر کی تلاوت فرما رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا:

ابن آدم کہتا ہے "میرا" مال، میرا مال..
فرمایا: اے آدمؑ کے بیٹے! "تیرے مال" میں سے تیرے لئے صرف وہی ہے جو تم نے کھا کر فنا دیا؛ یا پہن کر پرانا کردیا؛ یا صدقہ کر کے آگے بھیج دیا.

صحیح مسلم 7420
(مشکوٰۃ 5169)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

پاکیزگی نصف ایمان ہے، الحمد لله ترازو کو بھر دیتا ہے، سبحان اللّٰہ اور الحمد لله آسمانوں سے زمین تک کی وسعت کو بھر دیتے ہیں، نماز نور ہے، صدقہ (ایمان کی) دلیل ہے، صبر روشنی ہے. قرآن تمہارے حق میں یا تمہارے خلاف حجت (دلیل) ہے.

مسلم 534

(ترمذی 3517؛ نسائی 2429؛ ماجہ 280)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا، اُسے اس کے بدلے ایک نیکی ملے گی، اور ایک نیکی دس گنا بڑھا دی جائے گی. میں نہیں کہتا "الـم" ایک حرف ہے، بلکہ "الف" ایک حرف ہے، "لام" ایک حرف ہے اور "میم" ایک حرف ہے.

جامع ترمذی 2910
(السلسلة الصحيحة 2771، 2976؛ مشکوٰۃ 2137)

Hadees in Urdu

حضرت ابن عباسؓ بتاتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کی ایک عورت کو فرمایا:

جب رمضان آئے تو تم عمرہ کرلینا، کیونکہ اس (رمضان) میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے.

مسلم 3038
(مسلم 3039؛ بخاری 1782؛ نسائی 2112؛ ابوداؤد 1990؛ ابن ماجہ 2992 - 2995؛ مشکوٰۃ 2509؛ مسند احمد 4082 - 4085)

Hadees in Urdu

سعد بن ہشامؓ حضرت عائشہؓ کے پاس حاضر ہوئے اور کہا: ام المؤمنین! مجھے نبی ﷺ کے اخلاق مبارک کے بارے میں بتائیے، انھوں نےکہا: کیا تم قرآن نہیں پڑھتے؟ میں نےعرض کیا کیوں نہیں! انھوں نے کہا: اللّٰہ کے نبیﷺ کا اخلاق قرآن ہی تھا (آپ کی سیرت وکردار قرآن کا عملی نمونہ تھی).

مسلم 1739

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"مسلمان" وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ (کے شر) سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں، اور "مومن" وہ ہے جس سے لوگ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کو محفوظ سمجھیں.

جامع ترمذی 2627
(نسائی 4998؛ مسند احمد 152؛ مشکوٰۃ 33)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ہر مسلمان پر (دوسرے) مسلمان کا خون، مال، اور عزت حرام ہیں.

صحیح مسلم 6541

(بخاری 1739؛ ابن ماجہ 3055؛ ترمذی 2159، 3087؛ مسند احمد 11099، 11105؛ مسلم 4383)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تم سب مل کر کھانا کھاؤ، اور الگ الگ ہو کر مت کھاؤ. اس لئے کہ برکت سب کے ساتھ مل کر کھانے میں ہے.

ابن ماجہ 3287
(السلسلة الصحيحة 356)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں تھے کہ آپ نے ہجوم اور ایک آدمی دیکھا جس پر سایہ کیا ہوا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اسے کیا ہوا؟" صحابہ نے عرض کیا: روزہ دار ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: "سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں."

مشکوٰۃ 2021
(بخاری 1946؛ مسلم 2612؛ ابوداؤد 2407؛ نسائی 2259، 2260)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا: جب (نماز میں) تم میں سے کوئی آخری تشہد (اتحیات اور درود) سے فارغ ہوجائے، تو چار چیزوں سے اللّٰہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے: جہنم کے عذاب سے؛ قبر کے عذاب سے؛ زندگی اور موت کی آزمائش سے؛ اور مسیح دجال کے شر سے.
مسلم 1326 (مسلم 1324، بخاری 832، ماجہ 909، مسنداحمد 1812)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

جب تم لوگوں میں سے کوئی کھانا کھائے تو "بسم اللّٰہ" پڑھ لے، اگر شروع میں بھول جائے تو یہ کہے "بِسْمِ اللَّهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ"".
ترمذی 1858
(ماجہ 3264)

مزکورہ روایات میں یہ الفاظ آئے ہیں: "بِسْمِ اللَّهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ"
ابوداؤد 3767؛ مسند احمد 7391

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مسلمان بندے سے قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا وہ "فرض نماز" ہو گی.

ابن ماجہ 1425

(ابن ماجہ 1426، جامع ترمذی 413، سنن نسائی 466 - 468، مسند احمد 1072)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

تم میں سے کوئی شخص (اس وقت تک) مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے لئے اس کی اولاد، اس کے والد، اور تمام انسانوں سے بڑھ کر محبوب نہ ہوں.

صحیح مسلم 169
(صحیح بخاری 15، 14؛ صحیح مسلم 168؛ سنن نسائی 5016، 5017، 5018؛ ابن ماجہ 67؛ مشکوٰۃ المصابیح 7)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو شخص (روزہ کی حالت میں) جھوٹ بات کرنا، اور فریب کرنا (دغا بازی)، اور جہالت کی باتوں کو نہ چھوڑے تو اللہ کو اس کی کوئی ضرورت نہیں کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑے.

صحیح بخاری 6057
صحیح بخاری 1903؛ جامع ترمذی 707؛ ابوداؤد (2362؛ ابن ماجہ 1689

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

قیامت کے دن لوگوں کے مابین سب سے پہلے جو فیصلے کئے جائیں گے وہ "خون" (قتل) کے بارے میں ہوں گے.

صحیح مسلم 4381
صحیح بخاری 6533، 6864؛ جامع ترمذی 1396،
1397؛ سنن نسائی 3997؛ ابن ماجہ 2615، 2617

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ يَقُمْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

جو شخص شب قدر، ایمان کے ساتھ محض ثواب آخرت کے لئے ذکر و عبادت میں گزارے، اس کے گزشتہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں.

صحیح بخاری 35
(صحیح مسلم 1782)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

جس نے رمضان کے روزے ایمان اور خالص نیت کے ساتھ رکھے، اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے گئے.

صحیح بخاری 38
(سنن نسائی 2205 - 2207؛ ابن ماجہ 1641)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

آدمی کے لئے جو فتنہ (آزمائش و امتحان) اس کے اہل وعیال، مال، اولاد، اور پڑوسی کے سلسلے میں ہوگا.. اسے نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف، اور نہی عن المنکر (جیسے نیک کام) مٹا دیتے ہیں.

جامع ترمذی 2258
مسلم 7268؛ بخاری 1895، 7096، 3586، 525،)
1895)؛ ابن ماجہ 3955

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

جس نے ایمان (کی حالت میں) اور اجر طلب کرتے ہوئے رمضان (کی راتوں) کا قیام کیا، اس کے گزشتہ تمام گناہ معاف کر دیئے گئے.

مسلم 1779

(بخاری 37، 2009؛ ترمذی 808؛ ابوداؤد 1371؛ نسائی 2200)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:
جس نے اس ارادے سے ذخیرہ
اندوزی کی کہ مسلمانوں کو
مہنگائی میں مبتلا کر دیا جائے، تو
وہ نافرمان ہوگا.
مسند احمد 5942

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:
جو مسلمانوں کے کھانے کی چیزوں کی ذخیرہ اندوزی کرے گا، اللّٰہ تعالیٰ اسے جذام (کوڑھ) یا افلاس (فقر) میں مبتلا کر دے گا.
ابن ماجہ 2155

Hadees in Urdu

آپﷺ نے فرمایا:
بھاؤ بڑھانے کے لئے احتکار (ذخیرہ اندوزی) وہی کرتا ہے جو خطا کار ہو.
ابوداؤد 3447
(مسند احمد 5943)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:
گناہ گار کے سوا کوئی اور شخص ذخیرہ اندوزی نہیں کرتا

صحیح مسلم 4123
(صحیح مسلم 4122، جامع ترمذی 1267، ابوداؤد 3447، ابن ماجہ 2154، مسند احمد 5943)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:
بھاؤ بڑھانے کے لئے احتکار (ذخیرہ اندوزی) وہی کرتا ہے جو خطا کار ہو.
ابوداؤد 3447
(مسند احمد 5943)